## سوال

(659) تشہد میں یعنی ''التحیات'' میں انگلیاں رکھنے کی کیفیت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب ہم رکوع میں ہوتے ہیں تو ہاتھوں کی انگلیوں کو کشادہ رکھتے ہیں یعنی کھلا رکھتے ہیں اور سجدے میں انگلیوں کو ملا کر رکھتے ہیں اور جب ہم تشہد میں یعنی ''التحیات'' میں بیٹھیں تو انگلیوں کو کیسے رکھنا چاہیے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحالت تشہد انگلیوں کو ملا کر رکھیں کھولنے کی ضرورت نہیں۔ صحیح مسلم وغیرہ میں حدیث ہے۔ دائیں ہاتھ کو اپنے دائیں گھٹنے پر رکھیں اور بائیں ہاتھ کو اپنے بائیں گھٹنے پر رکھیں اور صحیح مسلم کی دوسری روایت میں ہاتھوں کو رانوں پر رکھنے کی بھی تصریح موجود ہے۔ بظاہر نمازی کو اختیار ہے، جونسی کیفیت چاہے اختیار کر سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :566

محدث فتویٰ